خادم حسین

زبان میری ہے بات اُن کی

● حکومت جام صادق پر کڑی نظر رکھے۔ وہ ماضی میں بھارتی ایجنٹ رہے ہیں۔
(نصیر اللہ بابر)

گویا آپ اب تک بھارتی ایجنٹ ہیں۔

● مروجہ قانون کے تحت قرضے معاف کرانے والوں کے نام ظاہر نہیں کئے جاسکتے
(سرتاج عزیز)

انصاف تو خیرات میں کوئی نہیں دیتا قانون بھی مجرم کو بچانے کے لئے ہے۔

● شریعت بل کی منظوری لادین عناصر کی پسپائی ہے۔ (جماعت اسلامی)

تبھی تو جل کر بھونک رہے ہیں۔

● بیوروکریسی میں کس کی جرأت ہے کہ حکم عدولی کرے۔ (وائیں)

البتہ جاگیرداروں سے ذرا دبتا ہوں۔

● ملک آدھا رہ گیا ہے۔ سیکرٹری چھ گنا ہو گئے۔ متحدہ پاکستان کے صرف ۱۶ سیکرٹری تھے۔ آج ۱۰۰ کے لگ بھگ ہیں۔ اُس دور میں گریڈ ۲۰ کے صرف تین افسر تھے۔ اب گریڈ ۲۲ کے ۱۰۰ افسر ہیں۔ (ایک خبر)

پاکستان = افسر² + جاگیردار² + صنعت کار² — عوام

● ہجرہ شاہ مقیم کا تھانیدار شادی شدہ عورت سے عیاشی کرتا ہوا پکڑا گیا
(ایک خبر)

عیاشی نہیں۔ متعہ کرتے ہوئے پکڑا گیا۔

- ــــــ نوجوان نے گھریلو جھگڑوں سے دِل بَرداشتہ ہو کر گھر کو آگ لگا دی ۔
(ایک خبر)

کیا گھریلو خواتین اِس سنگین مسئلے پر غور کرنے کے لئے تیار ہیں ۔

- ــــــ پولیس اہلکار شکایت کنندگان کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں ۔

(ایس پی ظفر قریشی)

سوئی کے نکے سے ہاتھی گزرنے والی بات ہے ۔

- ــــــ ایک دکان میں انگریزی فلم دیکھنے پر بچوّں سمیت ۲۸ افراد کو جیل بھجوا دیا گیا۔ (ایک خبر)

گلبرگ یا گلگشت کی کسی کوٹھی میں بی پی دیکھنے والوں پر کوئی قدغن نہیں ۔

- ــــــ خواتین کو چار دیواری میں رکھا جائے ۔ (ستید اسلم)

پہلے سی اُسی ریم جُلائے فیر بن گئے اُسی درزی
رُڑ کھُڑ کے اُسی سیّد بن گئے اَگّے خدا دی مرضی

- ــــــ تھانیدار اور حوالدار نے شادی شدہ عورت کو اغوا کر لیا ۔ ملزموں نے چار بچوں کی ماں کی برہنہ تصویریں بنا کر اُس کے خاوند کو بھیج دیں ۔ (ایک خبر)

حجّاج بن یوسف کو گالیاں دینے والوں کے پاس کوئی محمد بن قاسم نہیں ؟

- ــــــ پولیس اہلکار کو رشوت دینے کے الزام میں ایک شخص گرفتار ۔ (ایک خبر)

رشوت کی رقم بہت قلیل ہو گی !

- ــــــ بھرتی پر پابندی سے نوجوان ڈگریاں لے کر گلیوں کی خاک چھان رہے ہیں ۔

(ایک خبر)

اور وزراء مشیر ، ایم این اے ، ایم پی اے اپنے آدمی بھرتی کروا رہے ہیں ۔

- ــــــ اسلام میں ہتھیاروں پر پابندی کا کوئی تصور نہیں ۔ (اعتزاز احسن)

اور اسلام کی باقی تمام باتوں پر آپ پہلے ہی کاربند ہیں ۔؟

- ــــــ عابدہ حسین کو وزیراعظم کی مشیر برائے بہبودِ آبادی مقرر کر دیا گیا ۔ (ایک خبر)

" شریعت بل " کی بارش کا پہلا قطرہ !

● ــــــــ بدقماش، ڈاکو، چور، غنڈہ عناصر کو قانون کے شکنجے میں کس دیا جائے۔ (نواز شریف)

قند کہنے سے زبان تو نہیں میٹھی ہوتی　　زندگی صرف تصور نہیں کردار بھی ہے۔

● ــــــــ ہم نے نظریاتی اور اُصولی سیاست کی تربیت ہر دو خاندان سے حاصل کی (ادلی خان)

منہ کھائے تے اکھ شرمائے　　فیر وی تینوں شرم نہ آئے۔

● ــــــــ بے نظیر عادی جھوٹی ہیں۔ (جام صادق)

نہیں پوری جھوٹی ہیں ۔ آپ شوقیہ جھوٹ بولتے ہیں۔

● ــــــــ مولانا انوری کی بھینس چوری ہو گئی: (ایک خبر)

خالہ انوری کی پازیب چوری ہو گئی۔

● ــــــــ دوشیزہ سے دست درازی کی کوشش میں ناکامی کے بعد نوجوان نے اُس پر کتا چھوڑ دیا۔ (ایک خبر)

کتا چند دن ایسے انسان کے ساتھ گزار لے تو مزید کتا ہو جاتا ہے۔

● ــــــــ قومی اسمبلی نے شریعت بل منظور کر لیا۔ (ایک خبر)

اور ٹی وی پر "شریعت بل کی منظوری" کی ریکارڈنگ" کا اعلان باقاعدہ موسیقی کے ساتھ پیش کیا گیا۔

● ــــــــ یہ محبت تھی یا جبر ــــــ بھائی نے دونوں کا خون کر دیا ـــــ ملزم زبردستی گھر میں گھس کر بہن پر دست درازی کرتا تھا۔　(ایک خبر)

ایسی سُرخی لگا کر مزہ لینے والے کو اپنی گھر کی خیر منانی چاہیئے۔

● ــــــــ نظامت تعلیمات کالج ملتان کے دفتر میں دو پرنسپلوں نے ایک دوسرے کی پٹائی کر دی۔ (ایک خبر)

گر ہمیں مکتب وہمیں مُلّاں ۔ کارِ طفلاں تمام خواہد شد